Human Resources Administration
Department of Social Services

# خاندان کی بے خانگی اور بے دخلی کی روک تھام کے لیے تکملہ (Family Homelessness and Eviction Prevention Supplement, FHEPS) حقائق نامہ (Urdu)

**FHEPS کیا ہے؟**
FHEPS ان خاندانوں کے لیے کرایہ کا تکملہ ہے جن کو نقد اعانت (Cash Assistance, CA) ملتی ہے **اور** جنہیں بے دخل کر دیا گیا ہے یا بے دخلی کا سامنا ہو رہا ہے، یا جو خانگی تشدد کے سبب اپنی رہائش سے محروم ہو گئے ہیں۔ جو خاندان صحت یا تحفظ کے مسائل کی وجہ سے یا بعض عدالتی فیصلوں کے نتیجے میں اپنی رہائش سے محروم ہو گئے ہیں انہیں بھی FHEPS مل سکتا ہے۔

FHEPS کا استعمال اپنے گھر میں رہنے کے لیے، نیو یارک سٹی کے اندر کہیں اور منتقل ہونے کے لیے، اگر آپ پہلے ہی اپنے گھر سے محروم ہو گئے ہیں تو پناہ گاہ سے کہیں اور منتقل ہونے کے لیے کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ FHEPS کے لیے اہل قرار پاتے ہیں تو آپ کے کرایے کا بعض حصہ FHEPS کے تکملہ کے ذریعہ محیط ہے جو براہ راست آپ کے مالک مکان کو ادا کیا جاتا ہے۔ FHEPS کی ادائیگی پناہ گاہ کے اس بھتہ کے علاوہ ہے جو آپ کو اپنے CA کے کیس کے لیے ملتا ہے۔

اگر آپ یا جس کسی فرد کے ساتھ آپ اپنے اپارٹمنٹ یا گھر کا اشتراک کرتے ہیں اس کے پاس آمدنی ہے تو آپ کو خود اپنے کرایے کا حصہ ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔

**میں کیسے جانوں کہ آیا میں FHEPS کے لیے اہل قرار پاتا ہوں؟**
FHEPS کا اہل قرار پانے کیلئے آپ کے خاندان میں 18 سال سے کم عمر کا بچہ، 19 سال سے کم عمر کا ایک بچہ جس کا ہائی اسکول یا کسی پیشہ ورانہ یا تکنیکی پروگرام میں کل وقتی داخلہ ہو، یا حاملہ خاتون کا شامل ہونا ضروری ہے **اور** آپ کے پاس ایک فعال CA کیس کا ہونا ضروری ہے **یا**، اگر آپ پناہ گاہ میں ہیں، تو پناہ گاہ سے جانے کے بعد CA کے لیے آپ کا اہل قرار پانا ضروری ہے۔ آپ کو درج ذیل تقاضوں میں سے کسی **ایک** کو بھی پورا کرنا ہوگا:

- آپ ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (Human Resources Administration, HRA) کی پناہ گاہ میں ہوں۔
- آپ محکمہ داخلی سیکورٹی(Department of Homeless Services, DHS) کی پناہ گاہ میں ہوں اور HRA کی پناہ گاہ کے اہل ہوں۔
- آپ DHS کی پناہ گاہ میں ہوں اور پناہ گاہ میں آپ کے داخل ہونے سے پہلے کسی وقت آپ کو NYC میں بے دخل* کیا گیا تھا۔
- آپ فی الحال NYC میں بے دخل کیے جا رہے ہونے کے عمل میں ہوں یا پچھلے 12 مہینوں کے اندر آپ کو NYC میں بے دخل* کیا گیا تھا۔

***بے دخل کیے ہونے کا مطلب یوں ہو سکتا ہے:***

- *آپ یا آپ کے گھر کے لیے لیز پر درج کسی شخص کے خلاف بے دخلی کی قانونی کارروائی۔*
- *آپ کی عمارت یا گھر کے لیے تالہ بندی کی کارروائی۔*
- *سٹی کی ایجنسی کے ذریعہ یہ تعین کہ آپ کو صحت اور/یا تحفظ کی وجوہات کی بنا پر اپنی عمارت یا گھر سے نکل جانا ضروری ہے۔*

**مجھے FHEPS کتنی مدت تک مل سکتا ہے؟**
اہل خاندانوں کو پانچ سالوں تک FHEPS مل سکتا ہے۔اگر آپ کو اب بھی مدد درکار ہو تو آپ FHEPS کی توسیع کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔آپ کے گھرانے کو تمام اہلیتی تقاضے پورا کرنا اور یہ ثابت کرنا ضروری ہے کہ آپ کے پاس توسیع درکار ہونے کی معقول وجہ موجود ہے۔

**مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ FHEPS میرے مالک مکان کو کتنی ادائیگی کرنے والا ہے اور مجھے کتنی ادائیگی کرنی ہوگی؟**
گھرانے کے FHEPS کرایہ کے تکملہ کی رقم کا انحصار آپ کے گھرانے کی آمدنی اور آپ کے گھرانے میں موجود افراد پر ہوتا ہے۔ رقم کا فیصلہ اس وقت کیا جاتا ہے جب FHEPS کی آپ کی درخواست منظور ہو جاتی ہے۔

بہت سارے خاندانوں کا پورا کرایہ ان کے FHEPS اور ان کے CA کے پناہ گاہ بھتہ کے ذریعہ محیط ہوتا ہے۔ تاہم، دو ایسے اہم استثناء ہیں جب آپ یا آپ کے گھرانے سے آپ کے کرایے کا بعض حصہ ادا کرنے کا تقاضا کیا جا سکتا ہے:

- اگر آپ کے گھرانے میں کسی کو CA موصول ہوتی ہے اور اس کے پاس آمدنی ہے، جیسے نوکری سے۔
- اگر آپ کے گھرانے میں کوئی ایسا فرد ہے جس کا آپ کے CA کے کیس میں ہونا ضروری نہیں ہے مثلاً ایسا فرد جس کو SSI موصول ہوتا ہے۔

**آپ کے لیے اپنے مالک مکان کو**
**HRA جو کچھ ادا کرتا ہے اور آپ کے کرایے کی رقم کے بیچ کا فرق ادا کرنا ضروری ہے۔**

**مجھے کیسے معلوم ہو کہ مجھے کس سائز کا اپارٹمنٹ تلاش کرنا چاہیے؟**
FHEPS ادائیگی کے معیارات سبسڈی کی وہ زیادہ سے زیادہ وہ رقم ہے جو HRA ادا کرے گی۔ یہ معیارات نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority, NYCHA) کے اختیار کردہ سیکشن 8 کے معیارات پر مبنی ہیں۔ CA والے فیملی کے سائز اور یونٹ کے سائز پر مبنی معیارات ذیل کے جدول میں ہیں (کچھ مستثنیات لاگو ہوتے ہیں۔ مثلاً، وہ گھرانے جن کے پاس CA سے ہونے والی آمدنی اور CA موصول نہیں کرے والے کسی شخص سے ہونے والی آمدنی دونوں ہیں):

| CA والے فیملی کا سائز | یونٹ کا نام | ادائیگی کا معیار* |
|---|---|---|
| 1 | اسٹوڈیو | $2,646 |
| 1 یا 2 | 1 | $2,762 |
| 3 یا 4 | 2 | $3,058 |
| 5 یا 6 | 3 | $3,811 |
| 7 یا 8 | 4 | $4,111 |
| 9 یا 10 | 5 | $4,728 |
| 11یا 12 | 6 | $5,345 |
| 13یا 14 | 7 | $5,962 |
| 15یا 16 | 8 | $6,579 |
| 17یا 18 | 9 | $7,196 |
| 19یا 20 | 10 | $7,812 |

* اگر تمام یوٹیلیٹیز لیز میں شامل ہوں تو مذکورہ بالا چارٹ میں ادائیگی کے معیارات زیادہ سے زیادہ کرایے کی رقوم ہیں۔

**براہ کرم نوٹ کر لیں کہ مکان مالکوں کو آپ سے اس کے علاوہ کوئی فیس وصول کرنے کی اجازت نہیں ہے جو لیز میں قانونی طور پر بیان کی گئی ہے۔** آپ کو کسی بھی ضمنی سودے سے اتفاق نہیں کرنا چاہیے اور اس طرح کی کسی بھی درخواست کے بارے میں ہمیں بتانے کے لیے فوری طور پر HRA کو **311** یا **718-557-1399** پر کال کرنی چاہیے۔

آپ کو اپنے تلاش کردہ گھر میں کم از کم 12 مہینے تک رہنے کا اہل ہونا ضروری ہے۔آپ کے درخواست دیتے وقت تحریری شکل میں ایک معاہدہ یا لیز مطلوب ہے جس میں یہ ذکر ہو کہ آپ 12 مہینے یا اس سے زیادہ مدت تک اس گھر میں رہ سکتے ہیں۔تمام لیز آپ اور آپ کے مالک مکان کے درمیان ہیں۔سٹی اس لیز کا فریق نہیں ہے۔

**اگر میرے اوپر غیر ادا شدہ کرایہ باقی ہے تو کیا میں جس اپارٹمنٹ میں رہتا ہوں اس میں رہ سکتا ہوں؟**
غیر ادا شدہ کرایوں کے لیے ادائیگیاں حاصل کرنے کے لیے، جسے کبھی کبھار "کرایہ کے بقایے" بھی کہا جاتا ہے، آپ کو کم از کم 12 مہینوں تک اپنے اپارٹمنٹ میں رہنے کا اہل ہونا ضروری ہےاور آپ کے پاس آپ کے مالک مکان کی جانب سے تحریر کردہ لیز یا معاہدہ ہونا ضروری ہے۔

$20,000[1] تک کی FHEPS کی ادائیگی کو کسی اہل خاندان کی جانب سے کسی ایسی مدت کے لیے غیر ادا شدہ کرایے کاحصہ ادا کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے جس مدت میں وہ خاندان اپارٹمنٹ میں رہا ہے۔کرایہ پہلی بار واجب ہونے کے وقت آپ کے خاندان کو ریکارڈ میں مندرج کرایہ دار ہونا ضروری نہیں ہے۔اگر $20,000 سے زیادہ کی ادائیگی کے لیے درخواست کی جاتی ہے تو معاملہ در معاملہ کی بنیاد پر اس پر غور کیا جائے گا۔

**مجھے FHEPS کے بارے میں اور کیا جاننے کی ضرورت ہے؟**
HRA کو آپ کے کیس میں ہوئی تبدیلیوں کے بارے میں جاننے کی ضرورت ہوتی ہے۔تبدیلیوں کی وجہ سے آپ کا FHEPS کا کرایے کا تکملہ **بڑھ یا گھٹ سکتا** ہے۔

اگر درج ذیل میں سے **کوئی** بھی تبدیلی پیش آتی ہے تو آپ کو HRA کو بتا دینا **ضروری** ہے:

- آپ کا کرایہ تبدیل ہو جاتا ہے۔
- مالک مکان یا جس کو آپ کرایہ ادا کرتے ہیں وہ تبدیل ہو جاتا ہے۔
- آپ کےCA کے کیس پر موجود لوگوں کی تعداد تبدیل ہو جاتی ہے (مثلاً، اگر گھرانے میں کسی نئے بچے کی آمد ہوتی ہے)۔
- اپارٹمنٹ میں رہنے والے لوگوں کی آمدنی تبدیل ہو جاتی ہے۔

نیز، اگر گھرانے کا ممبر HRA کے کہنے کے مطابق کوئی کام نہیں کرتا ہے اور ان پر پابندی لگ جاتی ہے تو آپ کے FHEPS کے تکملہ کی رقم تبدیل ہو سکتی ہے۔**

***گھرانے کے کسی ممبر پر پابندی لگ جانے کے بعد، گھرانے کی CA کی گرانٹ اور پناہ گاہ بھتہ کم ہو جائے گا۔ اگر پابندی لگ جاتی ہے تو FHEPS کا تکملہ بھی کم ہو جائے گا۔ پناہ گاہ بھتہ اور FHEPS کے تکملہ میں جتنی رقم کم ہوئی ہے وہ رقم آپ کو براہ راست اپنے مالک مکان کو تب تک ادا کرنا ضروری ہے جب تک پابندی نافذ العمل رہتی ہے۔*

FHEPS کے کرایہ کے تکملہ کی **رقم بند ہو جائے گی** اگر درج ذیل میں سے **کوئی بھی** پیش آتا ہے:
- آپ کے خاندان کے پاس CA کا کیس مزید نہیں رہتا ہے۔
- آپ کے خاندان میں 18 سال سے کم عمر کا بچہ **یا** 19 سال سے کم عمر کا ایسا بچہ اب مزید نہ ہو جو ثانوی اسکول، یا اس کے مساوی سطح کی حرفتی یا تکنیکی تربیت میں باقاعدگی سے جانے والا کل وقتی طالب علم ہو۔

**آپ کو ان تبدیلیوں میں سے کسی کی بھی رپورٹ 10 دنوں کے اندر HRA کو کرنا ضروری ہے۔ ان تبدیلیوں سے آپ کے پناہ گاہ بھتہ کی رقم، FHEPS کا فائدہ یا FHEPS کی اہلیت تبدیل ہو سکتی ہے۔**

[1]زیادہ سے زیادہ بقایاجات کی ادائیگی سالانہ ریاستی منظوری کے ساتھ مشروط ہے اور اگلے نوٹس تک نافذ العمل ہے۔

**میرے خیال سے میں FHEPS کے لیے اہل قرار پاتا ہوں، اس کے بعد میں کیا کروں؟**
اگر آپ کسی پناہ گاہ میں نہیں ہیں اور آپ کو بے دخلی یا بے گھر ہونے کا خطرہ ہے، تو آپ اپنے بینیفٹس ایکسس سنٹر (Benefits Access Center, BAC) میں کرایہ کے بقایا جات میں مدد کیلئے درخواست جمع کرا سکتے ہیں۔ آپ درخواست جمع کرا سکتے ہیں:

- ACCESS HRA (www.nyc.gov/accesshra) یا ACCESS HRA موبائل ایپ کا استعمال کر کے آن لائن
- اپنے مقامی BAC میں جا کر۔

اگر آپ پناہ گاہ میں ہیں تو آپ کا FHEPS فراہم کنندہ یا پناہ گاہ والی رہائش کا اسپیشلسٹ/ کیس مینیجر مزید تفصیل سے FHEPS کی وضاحت کرے گا اور اپارٹمنٹ تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔

پناہ گاہ میں موجود جو خاندان FHEPS کے لیے منظور شدہ ہیں وہ فرنیچر بھتہ حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔منتقلی میں اعانت کا انتظام کرنے کے لیے آپ کو اپنے کیس مینیجر کے ساتھ کام کرنا چاہیے۔مالکان مکان کو ایک مہینے کا پورا کرایہ اور اضافی تین مہینے کا کرایہ کا تکملہ اسی وقت ملے گا۔مالکان مکان کو ایک سیکیورٹی واؤچر بھی ملتا ہے۔

**میرے پاس پہلے سے ہی ایک FHEPS اپارٹمنٹ ہے لیکن مجھے مدد درکار ہے۔میں کس کو کال کروں؟**
جو خاندان بے دخلی کے خطرے میں مبتلا ہیں یا انہوں نے DHS کی پناہ گاہ چھوڑ دی ہے اور تعاون درکار ہے وہ **311** یا **718-557-1399** پر کال کرکے اپنا مقامی Homebase کی بے خانگی کی روک تھام کا دفتر تلاش کر سکتے ہیں۔ خاندان اس ویب سائٹ پر بھی جا سکتے ہیں https://www.nyc.gov/site/hra/help/homebase-locations.page تاکہ وہ Homebase کے فراہم کنندہ کو تلاش کر سکیں جو ان کے زپ کوڈ کو کور کرتا ہو۔

جن خاندانوں نے HRA کی پناہ گاہ چھوڑ دی ہے انہیں اپنی مقامی کمیونٹی پر مبنی غیر رہائشی پروگرام سے مربوط ہونے کے لیے **929-221-7270** پر کال کرنی چاہیے۔

**اس پروگرام کی وضاحت میں درج معلومات FHEPS کرایہ میں تکملہ پروگرام کا ایک مجموعی جائزہ فراہم کرتی ہے۔اس کا مقصد پروگرام کی عمل آوری کے بارے میں مکمل تفصیلات فراہم کرنا نہیں ہے۔**